| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: وسائل اور ان کی اقسام

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- قدرتی وسائل (پودے، جانور، پانی، ہوا، زمین، جنگلات اور مٹّی وغیرہ) انسانی وسائل (کسان، معمار اور مصوّر وغیرہ) اور سرمائے کے وسائل (ٹرک، کمپیوٹر اور صنعتی عمارتیں وغیرہ) کی شناخت کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ سبق میں آمادگی کے لیے طلبہ سے پوچھیں:

الف: قدرتی، انسانی اور سرمائے کے وسائل میں کیا فرق ہے؟

ب: قدیم دور اور آج کے دور کے انسان کا انحصار کن کن وسائل پر ہے؟

انھیں بتائیں آج ہم ان تمام وسائل کی ہماری زندگی میں اہمیت کے بارے میں پڑھیں گے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 9 تا 10 کے متن کی پڑھائی کروائیں اور تصاویر بھی دکھاتے جائیں۔ مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- انھیں بتائیں کہ ہمیں قدرتی وسائل کو احتیاط سے استعمال کرنا چاہیے کیونکہ ان کے ذرائع محدود ہیں جیسا کہ پانی، کوئلہ، درخت وغیرہ۔
- کتاب پر موجود دیے گئے قدرتی وسائل کے فائدے دکھا کر ان کی اہمیت واضح کریں۔
- طلبہ کو انسانی وسائل اور ان کی اہمیت سے آگاہ کریں، انسانی وسائل سے مراد مختلف پیشوں میں کام کرنے والے لوگوں کی قابلیت، صلاحیت اور اہلیت ہے۔ یہ لوگ مختلف طریقوں سے ہماری مدد کرتے ہیں۔ جیسے ڈاکٹر مریضوں کا علاج کر کے، مصوّر تصویریں بنا کر، کسان اناج اُگا کر اور معمار گھر اور عمارتیں بنا کر ہماری مدد کرتے ہیں۔

- تختہ تحریر پر چند مشینوں کے نام لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں ایسی اشیا جو انسانوں نے بنائی ہیں، کو استعمال میں لا کر کوئی کام کر کے اپنی ضرورت کو پورا کرنا، سرمائے کے وسائل پر انحصار کرنا کہلاتا ہے۔ روزمرہ زندگی سے مثالیں دے کر وضاحت کریں جیسے گاڑیاں، ٹرک، اوزار، کمپیوٹر اور دوسری مشینیں وغیرہ۔
- طلبہ کو بتائیں یہ تمام وسائل ہمارے لیے بہت ضروری ہیں۔ زندگی گزارنے کے لیے ہم ان پر انحصار کرتے ہیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| دیگر | دِی۔ گر | دوسرا۔ علاوہ |
| صلاحیت | صَ۔ لا۔ حی۔ یت | سمجھ |
| معمار | مع۔ مار | عمارت بنانے والا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

پڑھائے گئے سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات کریں اور درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

وسائل کی اہمیت کے اہم نکات چارٹ پیپر پر لکھیں اور کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| سبق: وسائل اور ان کی اقسام | مضمون: واقفیتِ عامہ | نام: __________ |
|---|---|---|

**سوال نمبر1:** قدرتی وسائل کو کن طریقوں سے احتیاط سے استعمال کیا جاسکتا ہے: فہرست بنائیں۔

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

**سوال نمبر2:** دیے گئے وسائل کی اہمیت لکھیں۔

| وسائل | اہمیت |
|---|---|
| سورج | |
| جانور | |
| درخت | |
| معمار | |

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: سوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ: 3 دوسرا دن | اُستاد کا نام:____ |

سبق کا نام: وسائل اور ان کی اقسام

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اشیا، خدمات، خریدار اور فروخت کنندہ کی تعریف بیان کر سکیں۔
- اپنے علاقے کی اہم اشیا اور خدمات کی شناخت کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں روزمرہ زندگی میں ہمیں بہت سی چیزوں کی ضرورت پڑتی ہے ان سے پوچھیں کیا وہ کبھی سودا سلف لینے بازار گئے ہیں اور انھوں نے کون کون سی اشیا خریدی ہیں؟

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 10 سے ''اشیا اور خدمات'' کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بھی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں اشیا سے مراد وہ تمام چیزیں ہیں جنھیں ہم اپنے فائدے کے لیے استعمال کرتے ہیں اور جن کی ہم خرید و فروخت کر سکتے ہیں۔
- انھیں بتائیں جسمانی، ذہنی یا فنّی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے جو لوگ دوسروں کی مدد کرتے ہیں اور بدلے میں معقول رقم وصول کرتے ہیں تو یہ ان کی خدمات کہلاتی ہیں۔ جیسے: معمار ہمارا گھر بناتے ہیں، ڈاکٹر ہمارا علاج کرتے ہیں جب ہم بیمار ہوتے ہیں۔ اسی طرح موچی، حجام، وکیل اور ڈرائیور وغیرہ بھی مختلف خدمات مہیا کرتے ہیں۔
- طلبہ کو اشیا اور خدمات کے تصوّر سے آگاہ کریں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| فروخت | فَ۔روخت | بیچنا |
| فنّی | فن۔نی | کاریگری |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق کے سوال نمبر ا سے (ج) سوال طلبہ سے پوچھیں اور درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

مشق سوال نمبر ۴ سے متعلق ساتھیوں سے بات چیت کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام:____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: وسائل اور ان کی اقسام |
|---|---|---|

**سوال 1: اپنے علاقے میں موجود اشیا اور خدمات کی فہرست بنائیں۔**

| اشیا | خدمات |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: سوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 3 تیسرا دن | اُستاد کا نام: ____ |

**سبق کا نام: وسائل اور ان کی اقسام**

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اشیا، خدمات، خریدار اور فروخت کنندہ کی تعریف بیان کر سکیں۔
- ایک دوسرے پر انحصار کی ضرورت کو سمجھ سکیں کیوں کہ تمام اشیا اور خدمات ہر علاقے میں دستیاب نہیں ہوتیں۔
- قلّت (کمیابی) کی تعریف بیان کر سکیں۔
- یہ جان سکیں کہ لوگ اشیا اور خدمات محدود ہونے کی صورت میں معاشی انتخاب کرتے ہیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں ہمیں روزمرہ زندگی میں بہت سی اشیا کی ضرورت ہوتی ہے جنھیں مادی اشیا کہتے ہیں۔ یہ اشیا قدرتی اور مادی وسائل کی پیداوار ہوتی ہیں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر 10 تا 11 کے متن کی پڑھائی کروائیں اور تصور کو آسان الفاظ میں واضح کریں۔
- انھیں بتائیں ضرورت کی اشیا کو انسان خود نہیں بنا سکتا بلکہ اُسے دوسرے لوگوں کی بنائی ہوئی اشیا خریدنی پڑتی ہیں۔ اشیا خریدنے والے کو خریدار اور بیچنے والے کو فروخت کنندہ کہتے ہیں۔
- کمرا جماعت میں گاہک اور دکاندار کے کردار پر طلبہ سے رول پلے کروائیں دکان دار اپنی دکان میں چند اشیا رکھے جو وہ فروخت کرنا چاہتا ہو۔ انھیں بتائیں ہم اپنی ضرورت پوری کرنے کے لیے ایک دوسرے پر انحصار کرتے ہیں، جسے باہمی انحصار کہتے ہیں۔

- انھیں بتائیں بعض اوقات ہمیں وہ اشیا نہیں ملتی جن کی ہمیں ضرورت ہوتی ہے ایسی صورت میں ہمیں مشکلات پیش آتی ہیں۔ جب وسائل یا اشیا لوگوں کی ضروریات کے لحاظ سے کم ہوں تو اسے اشیا کی قلت کہتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں بعض اوقات چینی، آٹے یا سبزیوں کی قلّت ہو جاتی ہے۔ ایسی صورت جب ضرورت کی اشیا کو قلت کے باعث نہ خریدا جا سکے اور متبادل اشیا خرید کر اپنی ضرورت کو پورا کیا جائے تو اسے معاشی انتخاب کہا جاتا ہے۔ مثلاً: چینی کی قلّت کی صورت میں گڑ یا شکر کا استعمال۔
اسی طرح بجلی مہنگی ہونے کی صورت میں ائیر کنڈیشنر کی بجائے پنکھے کا استعمال۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| معاشی | مُ۔عا۔شی | بسر اوقات کے متعلق |
| انتخاب | اِن۔تِ۔خاب | چُناؤ |
| متبادل | مَ۔تَ۔با۔دِل | بدلے میں آنے والے |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے گاہک اور دکان دار کی تعریف پوچھیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

خریدار اور فروخت کنندہ میں کیا فرق ہے؟ اپنی کاپی پر خوش خط لکھیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: وسائل اور ان کی اقسام |
| --- | --- | --- |

**سوال نمبر1: خالی جگہ پُر کریں۔**

ا۔ انسان کو زندہ رہنے کے لیے بہت سی ______________ کی ضرورت پڑتی ہے۔

۲۔ ضرورت کی تمام اشیا ____________ خود نہیں بنا سکتا۔

۳۔ اشیا خریدنے والے کو ______________ کہتے ہیں۔

۴۔ ڈاکٹر ______________ کا علاج کرتا ہے۔

۵۔ فصلیں اُگانا ____________ کا کام ہے۔

**سوال نمبر2: ہم متبادل اشیا کا انتخاب کیوں کرتے ہیں؟**

______________________________________________________

______________________________________________________